تعارف وتبصرہ

شاہ اسمٰعیل شہید اور اُن کے ناقد

تصنیف : مولانا اخلاق حسین قاسمی دہلوی مہتمم جامعہ رحیمیہ دہلی۔
قیمت : ۲۱/= اور ۱۵/= روپے۔
ملنے کا پتہ : سنی پبلیکیشنز الوہاب مارکیٹ اُردو بازار لاہور

شاہ ولی اللہ کے پوتے شاہ اسماعیل شہید جتنے عظیم انسان تھے اتنے ہی مظلوم ہیں مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کے بقول ان کی شہادت ۱۸۳۱ء سے لے کر اب تک کسی دن کا سورج طلوع نہیں ہوا جو اپنے دامن میں ان کے لیے نئی نئی گالیاں لے کر نہ آیا ہو اور یہ حرکات کون کرتے ہیں؟ وہ لوگ جن کے ایمان، عصمت اور جان کے تحفظ کے لیے شاہ صاحب نے اپنے شیخ و امیر حضرت سید احمد بریلوی اور اپنے ہزاروں مخلص رفقاء سمیت اپنی جانیں نچھاور و قربان کر دیں۔ ان کے خلاف بے ہنگم لٹریچر کا تازہ شاہکار دلی ہی کے ایک خانقاہ نشین مولانا ابوالحسن زید کا وہ رسالہ ہے جو انہوں نے مولانا شہید کے خلاف لکھا اور اسطرح کہ اس میں حقیقت و واقعیت کہیں بھی نہیں، البتہ مغالطہ دہی ضرور ہے، زید صاحب اپنی ایک کتاب میں کچھ عرصہ قبل سید صاحب اور شاہ صاحب کی تحریک کو سراہ چکے تھے لیکن اب انہوں نے یہ گولہ مارا جس کا جواب لکھا مولانا اخلاق حسین قاسمی نے جو مہتمم ہیں جامعہ رحیمیہ درگاہ شاہ ولی اللہ دہلوی کے اور مصنف ہیں محاسن موضح قرآن سمیت متعدد علمی اور وقیع کتابوں کے۔ انہوں نے بڑی سادگی و پرکاری اور ذمہ داری سے یہ جواب لکھا ہے اور ان مغالطوں کو دور کیا ہے جو مخالفین پھیلاتے ہیں، کتاب کے پاکستانی ایڈیشن میں جسے اہتمام سے شائع کیا گیا ہے ایک طویل مقدمہ شامل ہے جس میں اہل بدعت سمیت دوسرے مختلف موضوعات کی دسیسہ کاریوں کا علمی اور مسکت جواب ہے یہ کتاب ہمارے دینی، تاریخی اور علمی لٹریچر کا بہت اہم حصہ